جلدیں علمی نکات، تاریخی واقعات اور ذاتی مشاہدات پر مشتمل مجموعہ ہے، اپنے موضوع پر اچھی کاوش ہیں طباعت بھی اعلیٰ اور کاغذ بھی اعلیٰ۔ اللہ کرے فاضل مؤلف کو مزید علمی اور روحانی خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ (مبصر: مولانا اسلام حقانی)

● **جمالِ محمدیؐ کی جلوہ گاہیں** تالیف: شیخ الحدیث حضرت مولانا یوسف متالا

ضخامت: ۵۶۰ صفحات ناشر: ازہر اکیڈمی لندن برطانیہ

زیر تبصرہ کتاب جمال محمدی کی جلوہ گاہیں بھی سیرت النبیؐ کے موضوع پر مشتمل حضرت مولانا یوسف متالا صاحب کے قیمتی ارشادات کا مجموعہ ہے جس میں انہوں نے سیرت نبویہؐ پر مفصل روشنی ڈالی ہے اور نبی کریمؐ کے جلوہائے جمال کا خوبصورت تذکرہ بھی کیا ہے اور جلوہائے جمال نبویؐ کے ضمن میں عاشقان محبوب خدا کا بھی گاہے بگاہے ذکر موجود ہے، گویا کہ یہ عاشقان محبوب خدا بھی جلوہائے جمال محمدی کا ایک روح اور ایک پہلو ہے اور ان عاشقان محبوب خدا کے عشق نبوی کے واقعات اور حالات کا بھی مفصل ذکر کیا گیا ہے، یہ کتاب اہل علم کے لئے بیش بہا معلوماتی خزینہ سے کم نہیں۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کے اس پرنور مجموعہ کو شرف قبولیت سے نوازے۔ (مبصر: مولانا اسلام حقانی)

● **مشائخ احمد آباد** تالیف: شیخ الحدیث حضرت مولانا یوسف متالا

ضخامت: ۶۰۰ صفحات ناشر: ازہر اکیڈمی لندن برطانیہ

زیر تبصرہ کتاب "مشائخ احمد آباد" ہندوستان کے شہر احمد آباد کے مشائخ اور صوفیائے کرام کے حالات زندگی پر مشتمل (جس میں اس شہر کی تاسیس سے لے کر نویں صدی تک کے بزرگوں کے حالات کا) تذکرہ ہے۔ احمد آباد اس وقت ہندوستان میں واقع ہے اس زرخیز خطہ نے بڑے بڑے علماء، مبلغین اور صوفیاء کرام کو جنم دیا ہے، احمد آباد ایک مدت دراز تک سفینۂ علم و عمل رہا ہے۔ یہ کتاب اپنی اہمیت اور افادیت کے لحاظ سے بہت اہم ہے، بالخصوص ان احباب کے لئے جو تاریخ اور تذکرہ نویسی اور سوانحی ادب سے دلچسپی رکھتے ہیں ان کیلئے بہت بڑا سرمایہ ہے۔ کتاب میں موجود ہر شخصیت کی سوانح پر مستند کام کرکے مشائخ احمد آباد کے حالات، اخلاق، اعمال اور علمی خدمات کو جمع کرکے اہل علم کے سامنے پیش کردیا اور کتاب کا نام بھی "مشائخ احمد آباد" رکھ دیا گیا۔ اپنے موضوع پر بہترین کاوش اور اعلیٰ طباعت سے آراستہ ہے۔ اللہ تعالیٰ مولف کے کام میں برکت عطا فرمائے۔ (مبصر: مولانا اسلام حقانی)